پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: وعباد الرحمٰن مبتدأ وما بعدهٗ صفات له الى اولئك يجزون غير المعترض فيه الذين يمشون على الارض هوناً اى بسكينة وتواضع واذا خاطبهم الجاهلون بما يكرهونه قالوا سلٰما اى قولا يسلمون فيه من الاثم۔

(الف) کلام باری وکلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) عباد الرحمٰن کی عبارت میں مذکور صفات کے علاوہ دیگر صفات میں سے کوئی چار صفات تفصیلاً تحریر کریں۔ ۲۰

(ج) اللہ کے نیک بندوں کی پسندیدہ چال کی توضیح کریں۔ ۴

سوال نمبر2: قال موسٰى ربِّ انّي اخاف ان يكذبون ويضيق صدرى من تكذيبهم لى ولا ينطلق لسانى بأداء الرسالة للعقدة التى فيه فارسل الى اخى هرون معى ولهم علىَّ ذنبٌ بقتل القبطى منهم فاخاف ان يقتلون بهٖ

(الف) کلام باری وکلام مفسر کی تشکیل کے بعد ترجمہ کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) ولهم علىَّ ذنبٌ کی تفسیر جلالین کی روشنی میں توضیح کریں۔ ۱۰

(ج) موسیٰ علیہ السلام کے اس قول "فاخاف ان يقتلون" کا مفہوم بیان کریں۔ ۸

سوال نمبر3: وَوَرِثَ سليمٰن داؤد النبوة والعلم وقال يآيها الناس علمنا منطق الطير اى فهم اصواته وَاُوتينا من كل شيءٍ يوتاهُ الانبياء والملوك اِنَّ هذا المولى لهو الفضل المبين البين

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں۔ نیز مذکورہ عبارت کی توضیح کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) وورث سليمٰن کی روشنی میں بتائیں کہ کیا نبوت میں وراثت جاری ہو سکتی ہے؟ ۱۰

(ج) "وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شيءٍ" کی توضیح کریں۔ ۸

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے پانچ سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) ۱۔ بلقیس کا تخت حاضر کرنے والے کون تھے اور تخت کی کیفیت کیا تھی؟ ۲۔ عنکبوت کا معنیٰ کیا ہے؟
۳۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی آواز کتنے فاصلے سے سنی؟ ۴۔ انسان کی جمع کیا ہے؟
۵۔ "ان نمن" کون سا صیغہ ہے؟ ۶۔ سماع موتیٰ سے کیا مراد ہے؟

(ب) حضرت شعیب علیہ السلام کو کس قوم کی طرف بھیجا گیا تھا اس کا نام لکھیں اور ان میں کون سی برائی تھی؟ ۸

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

نوٹ: قسم اول سے کوئی دو سوال اور قسم ثانی کے دونوں سوال حل کریں۔

قسم اول: حدیث

سوال نمبر 1:۔ عن ابی ہریرۃ: ان رسول اللہ ﷺ قال: کل مولود یولد علی الفطرۃ فابواہ یہودانہ وینصرانہ قیل فمن مات صغیراً یارسول اللہ؟ قال: اللہ اعلم بما کانوا عاملین۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) حدیث شریف کی تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2:۔ عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ ﷺ القدریۃ مجوس ھذہ الامۃ وھم شیعۃ الدجال

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز "شیعۃ الدجال" کی توضیح کریں۔ ۱۰

(ب) تقدیر کے منکر کون ہیں نیز یہ بتائیں کہ انہیں "مجوس ھذہ الامۃ" کیوں کہا گیا ہے؟ ۲۰

سوال نمبر 3:۔ (الف) امام ابوحنیفہ اور امام اوزاعی کے درمیان رفع یدین پر کیا مکالمہ ہوا؟ توضیح کریں۔ ۲۰

(ب) علمِ دین کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث مع ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

قسم دوم: الادب العربی

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف پانچ کا ترجمہ اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں۔ ۶x۵=۳۰

اذا قامتا تضوع المسك منهما	نسيم الصَّبا جاءَت بريا القرنفلِ
ففاضت دُمُوعُ العين منى صبابةً	على النحر حتى بلَّ دمعى محمَلى
تقول و قدمال الغبيط بنا معاً	عَقرتَ بَعيرى ياامرأالقيس فانزلِ
اغرَّك منى انَّ حبَّكِ قاتِلى	وانكِ مهما تأمرى القلب يفعَلِ
وجيدٍ كجيد الرئم ليس بفاحِشٍ	إذا هِىَ نَصَّتهُ ولا بمعطَّلِ
وليلٍ كموج البحر أرخى سدولهُ	علىَّ بأنواع الهموم ليبتلِى

سوال نمبر 5:۔ سبع معلقات کی وجہ تسمیہ نیز دو معلقات کے شعراء کے نام لکھیں۔ ۱۰=۶+۴

تیسرا پرچہ: فقہ

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ والمفروض فی مسح الرأس مقدار الناصية وهو ربع الرأس۔

(الف) مذکورہ عبارت کے تحت ہدایہ میں بیان کئے گئے اختلاف ائمہ کو مع الدلائل بیان کریں۔ ۱۴

(ب) ''والمرفقان والكعبان يدخلان فی الغسل'' مذکورہ مسئلہ میں اختلاف ائمہ بالتفصیل لکھیں۔ ۲۰

سوال نمبر2:۔ والدابة تخرج من الدبر ناقضة فان خرجت من رأس الجرح اوسقط اللحم منه لاينقض، والمراد بالدابة الدودة وهذا لِانَّ النجس ماعليها وذلك قليلٌ وهو حدث فی السبيلين دون غيرهما فاشبه الجشاء والفساء۔

(الف) عبارت مذکورہ کی تشکیل اور ترجمہ کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) غدیر عظیم کی حد بیان کریں، اگر اس میں نجاست گر جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ ۱۰

(ج) ماء مستعمل کی تعریف اور حکم بیان کریں۔ ۳+۵=۸

سوال نمبر3:۔ واول وقت العصر اذا خرج وقت الظهر علی القولين واٰخر وقتها مالم تغرب الشمس۔

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) نماز ظہر کے وقت میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔ ۱۵

(ج) فتویٰ کس قول پر ہے اور وجہ ترجیح کیا ہے؟ ۳+۵=۸

سوال نمبر4:۔ (الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل عبارات کی کوئی ایک ایک دلیل ذکر کریں۔ ۲۵

المنی نجس يجب غسله رطبًا۔

والنفاس هو الدم الخارج عقيب الولادة۔

المسح علی الخفين جائز۔

ويرفع يديه فی تكبيرات العيدين۔

الجماعة سنة مؤكدة۔

(ب) مکروہات صلوٰۃ میں سے صرف دو دلیل سے بیان کریں۔ ۸

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔

(الف) اصول شرع کتنے ہیں تعداد بتائیں اور وجہ حصر بیان کریں۔ ۱۰

(ب) علم اصول فقہ کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) کتاب اللہ کی تعریف اور اس تعریف میں مذکور قیودات کے فوائد لازمی تحریر کریں۔ ۱۰

(د) ''نورالانوار'' کس کتاب کی شرح ہے، نام لکھیں۔ ۴

سوال نمبر2:۔ انما تعرف احكام الشرع بمعرفة اقسامها۔

(الف) مصنف نے نظم اور معنیٰ کے اعتبار سے احکام شرع کی کتنی اور کون کون سی تقسیمات کی ہیں، ان میں سے کسی دو تقسیمات کی اقسام کے نام لکھیں۔ ۲۰

(ب) خاص کی تعریف، حکم اور مثال بیان کریں۔ ۳+۱۰=۱۳

سوال نمبر3:۔ لهذا جعلنا لفظ الصاع في حديث ابن عمر رضي الله عنهما عاما فيما يحلہ۔

(الف) مذکورہ عبارت کی نورالانوار کی روشنی میں توضیح کریں۔ ۱۰

(ب) مؤول کی تعریف، حکم اور مثال تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) عبارۃ النص اور اشارۃ النص کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔ ۳+۱۰=۱۳

سوال نمبر4:۔ فان دخلت على المنكر اوجبت عموم افراده وان دخلت على المعرفة اوجبت عموم اجزائه حتى فرقوا بين قولهم كل رمان ماكول، وكل الرمان ماكول بالصدق والكذب

(الف) مذکورہ عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) عموم افراد اور عموم اجزاء میں کیا فرق ہے؟ نیز کلمہ ''کل'' اور ''کلما'' کا فرق مثال سے بیان کریں۔ ۱۰

(ج) ''لا رجل في الدار'' ایک قانون کی مثال ہے وہ قانون بیان کریں اور مثال مذکور اس پر منطبق کریں۔ ۳+۱۰=۱۳

پانچواں پرچہ: نحو

نوٹ: کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: (الف) اسم، فعل اور حرف کی وجہ تسمیہ شرح جامی کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۵=۵x۳

(ب) کلمہ کو کلام پر کیوں مقدم کیا جاتا ہے؟ حالانکہ کلام میں افادہ زیادہ ہے۔ ۱۰

سوال نمبر2: (الف) ''الکلمۃ لفظ''میں، الف لام اور تاء کون سی ہے؟ نیز ان کے درمیان عدم منافات شرح جامی کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۵

(ب) مصنف نے کلمہ کی تعریف میں لفظ کہا لفظۃ کیوں نہیں کہا؟ حالانکہ مبتدا اور خبر میں مطابقت لازم ہے۔ ۱۰

سوال نمبر3: (وضع) الوضع تخصیص شیء بشیء بحیث متی اطلق اواحس الشیء الاول فهم منه الشیء الثانی قیل یخرج عنه وضع الحرف حیث لایفهم منه معناه متی أطلق بل اذا اطلق مع ضم ضمیمة۔

(الف) مذکورہ عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) اس عبارت میں مذکور اعتراض کے جوابات لکھیں نیز یہ بتائیں کہ کلمہ اور کلام کا مشتق عنہ کون ہے؟ ۱۵

سوال نمبر4: ومن خواصه دخول اللام والجر والتنوین والاضافة والاسناد الیه۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ لام تعریف کا داخل ہونا اسم کا خاصہ کیوں ہے؟ نیز وضاحت کریں کہ یہ خاصہ کون سا ہے؟ ۱۵

(ب) اضافت کو اسم کا خاصہ کیوں قرار دیا؟ وجہ تحریر کریں نیز بتائیں اضافت سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

سوال نمبر5: والنون زائدة من قبلها الف ووزن فعل وهذا القول تقريب

(الف) مذکورہ عبارت کی ترکیب کریں نیز بتائیں کہ ''هذا القول'' کا کیا معنی ہے؟ ۱۰

(ب) اسباب منع صرف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تعداد میں کیا اختلاف ہے؟ واضح کریں۔ ۱۰

(ج) عَلَم کو نکرہ بنانے کا کوئی ایک طریقہ مثال کے ساتھ بیان کریں۔ ۵

چھٹا پرچہ: بلاغت ومنطق

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

قسم اول... بلاغت

سوال نمبر1:- ألفت مختصرا يتضمن ما فيه من القواعد ويشتمل على ما يحتاج اليه من الأمثلة والشواهد ولم آل جهدا في تحقيقه وتهذيبه ورتبته ترتيبا اقرب تناولا من ترتيبه ولم ابالغ في اختصار لفظه تقريبا لتعاطيه وطلبا لتسهيل فهمه على طالبيه۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) تلخیص المفتاح کس کتاب کی تلخیص ہے؟ نیز دونوں کے مصنفین کے نام لکھیں۔ ۵

سوال نمبر2:- وهو علم يعرف به أحوال اللفظ العربي التي بها يطابق اللفظ مقتضى الحال

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ علم معانی کے کتنے اور کون کون سے باب ہیں؟ ۱۵

(ب) خبر کے صدق اور کذب کا معیار اور اس میں علماء کے مختلف اقوال بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3:- لا شك أنّ قصد المخبر بخبره افادة المخاطب امّا الحكم أو كونه عالما به ويسمى الأول فائدة الخبر والثاني لازمها

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ اور اس میں مذکور خبر کی دونوں قسمیں مثال کے ساتھ تفصیلاً تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانے کی صورتیں مع امثلہ بیان کریں۔ ۱۰

قسم ثانی... منطق

سوال نمبر4:- العلم إن كان إذعانا للنسبة فتصديق وإلّا فتصورٌ

(الف) مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف کیوں نہیں ذکر کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں دو توجیہات بیان کریں۔ ۱۰

(ب) تصدیق کی حقیقت میں حکماء اور امام رازی کا اختلاف لکھیں نیز بتائیں مصنف نے کس کا مذہب اختیار کیا ہے؟ اور اس پر کیا دلیل ہے؟ ۱۵

سوال نمبر5:- ويقتسمان بالضرورة والاكتساب بالنظر وهو ملاحظة المعقول لتحصيل المجهول

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کرنے کے بعد ''یقتسمان'' کا فاعل سپرد قلم کریں، ضرورۃ اور اکتساب کی قید کا فائدہ لکھیں۔ ۱۵

(ب) معلوم سے معقول کی طرف عدول کرنے کے دو فائدے بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6:- (الف) وہ کون سی دلالت ہے جس میں لزوم شرط ہے؟ تعریف کریں، نیز لزوم عقلی اور عرفی مع مثال بیان کریں۔ ۱۵

(ب) متواطی اور مشکک کی تعریف تحریر کریں۔ ۱۰